## وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی کا الطاف حسین سے ٹیلی فون پر رابطہ

## کیری لوگر بل پر پارلیمنٹ میں متفقہ قرارداد کے ذریعہ حساس شقوں پر قومی ردعمل ظاہر کرنے کی یقین دہانی

## ملک وقوم کے مفاد میں ہم سب ایک ہیں، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی

## یہ پوری قوم کا مطالبہ ہے اور ایم کیوایم بھی قومی مفادات کے خلاف کسی بھی مؤقف کی حمایت نہیں کرسکتی، الطاف حسین

لندن۔۔۔11، اکتوبر 2009ء

وزیراعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی نے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین سے ٹیلی فون پر رابطہ کرکے انہیں کیری لوگر بل کے سلسلے میں پارلیمنٹ میں متفقہ قرارداد کے ذریعہ بل میں موجود بعض حساس شقوں پر قومی ردعمل ظاہر کرنے کی یقین دہانی کرائی۔آج جناب الطاف حسین سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ کیری لوگر بل کے مسئلہ پر حکومت اپنی انا کا مسئلہ نہیں بنائے گی اور ہم تمام سیاسی رہنماؤں کے تعاون سے دنیا پر واضح کردیں گے کہ ملک وقوم کے مفاد میں ہم سب ایک ہیں۔وزیراعظم نے کیری لوگر بل کے حساس مسئلہ پر جناب الطاف حسین کی جانب سے گول میز کانفرنس کی تجویز کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ اس سلسلے میں قومی اتفاق رائے پیدا کرنے کیلئے حکومت نے مختلف سیاسی ومذہبی رہنماؤں سے رابطہ کئے ہیں اور سب کو اعتماد میں لیا ہے۔تمام سیاسی ومذہبی رہنماء متفق ہیں کہ ہم کیری لوگر بل کو پارلیمنٹ میں زیر بحث لاکر متفقہ قرارداد کے ذریعہ بل میں موجود بعض حساس شقوں پر قومی ردعمل ظاہر کیا جائے۔وزیراعظم نے جناب الطاف حسین کے مؤقف کی تائید کی کہ جی ایچ کیو پر حملہ پاکستان کی قومی سلامتی پر حملہ ہے اور انتہاء پسند دہشت گردوں سے نمٹنے کیلئے بھی ہمیں قومی پالیسی بنانی چاہئے۔جناب الطاف حسین نے کیری لوگر بل پر قومی اتفاق رائے پیدا کرنے اور پارلیمنٹ میں قرارداد کے ذریعے بل کی بعض حساس شقوں کے بارے میں قومی ردعمل ظاہر کرنے کے حکومتی فیصلے کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ پوری قوم کا مطالبہ ہے اور ایم کیوایم بھی قومی مفادات کے خلاف کسی بھی مؤقف کی حمایت نہیں کرسکتی۔دونوں رہنماؤں کے درمیان ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔

## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کی چیف آف آرمی اسٹاف جنرل اشفاق پرویز کیانی سے فون پر گفتگو

## جی ایچ کیو میں سرکاری اہلکاروں کو یرغمال بنانے والے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر مبارکباد پیش کی

## دہشت گردی کے خاتمہ میں پوری قوم فوج کے ساتھ ہے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔11، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے آج چیف آف آرمی اسٹاف جنرل اشفاق پرویز کیانی کو فون کرکے انہیں جی ایچ کیو میں سرکاری اہلکاروں کو یرغمال بنانے والے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر مبارکباد پیش کی۔جناب الطاف حسین نے جنرل اشفاق پرویز کیانی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ فوج کے کمانڈوز نے جس جرات وبہادری کے ساتھ کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کا قلع قمع کیا اس پر میں اپنی اور ایم کیوایم کے تمام کارکنوں اور ہمدردوں کی جانب سے فوج کی پوری قیادت اور تمام کمانڈوز کو دل کی گہرائیوں سے زبردست خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمہ میں پوری قوم فوج کے ساتھ ہے۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ دہشت گردی کے خلاف کارروائی میں پاک فوج کو کامیابی عطا کرے۔جنرل اشفاق پرویز کیانی نے دہشت گردی کے خاتمہ کے سلسلے میں فوج کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرنے پر جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا۔

## فیڈرل لاجز لاہور میں مقیم ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور دیگر ذمہ داران کے کمروں پر پنجاب پولیس کے غیر قانونی اور غیر اخلاقی چھاپے کے ذمہ داران کے خلاف فی الفور قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے، حق پرست ارکان سینیٹ

## ایم کیوایم کی پرامن اور جمہوری جدوجہد کو صوبہ پنجاب میں ریاستی طاقت کے بل بوتے پر روکنے کا عمل جمہوری اقدار کے منافی ہے

کراچی۔۔۔11، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سینیٹ نے فیڈرل لاجز لاہور میں مقیم ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان اور دیگر ذمہ داروں کے کمروں پر پنجاب پولیس کے غیر قانونی چھاپے، توڑ پھوڑ اور انہیں ہراساں کئے جانے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور ایم کیوایم کی پرامن اور جمہوری جدوجہد کو صوبہ پنجاب میں ریاستی طاقت کے بل بوتے پر روکنے کے عمل کو سراسر جمہوری اقدار کے منافی قرار دیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ریاستی ایماء پر پنجاب پولیس نے غیر قانونی اور غیر اخلاقی چھاپہ مار کارروائی کرکے ثابت کردیا ہے کہ فرسودہ نظام کے محافظ ایم کیوایم کے فکر وفلسفہ اور نظریئے سے خوفزدہ ہیں اور صوبہ پنجاب کے عوام میں ایم کیوایم کی مقبولیت سے خائف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ غیر قانونی چھاپے اور گرفتاریوں کا سامنا ایم کیوایم ماضی میں بھی کرچکی ہے، یہ ہتھکنڈے ایم کیوایم کیلئے نئے نہیں ہیں اور اس طرح کے اوچھے ہتھکنڈوں کا نتیجہ صفر ہی رہا اور ایم کیوایم ملک بھر کے عوام میں اب پہلے سے زیادہ مقبولیت حاصل کرچکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم صوبہ پنجاب میں پنجاب کنونشن کرنے جارہی ہے، اس کیلئے ابھی وہ فنڈز اکھٹے کررہی ہے لیکن فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کی محافظ قوتیں پنجاب کنونشن سے خوفزدہ ہیں، صوبہ پنجاب کے مظلوم عوام کو ایم کیوایم سے دور رکھنے کیلئے غیر قانونی اور جمہوری روایات کے منافی عمل پر اتر آئی ہیں اور کھلی سیاسی مخاصمت کا مظاہرہ کررہی ہیں جس کی ہر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کو مذمت کرنی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ملک بھر سمیت صوبہ پنجاب کے مظلوم عوام کو فرسودہ نظام کے شکنجے سے آزاد کرائے گی اور صوبہ پنجاب کے غریب ومتوسط طبقے سے باشعور اور پڑھے لکھے افراد کو ایوانوں میں نمائندگی کا حق دلا کر رہے گی تاکہ وہ صوبہ پنجاب اور ملک بھر سے فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے اپنا عملی کردار ادا کرسکیں اور ملک وقوم کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کرسکیں۔ حق پرست ارکان سینیٹ نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ لاہور میں مقیم ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان اور دیگر ذمہ داران کے کمروں میں پنجاب پولیس کے غیر قانونی اور بلاجواز چھاپے کا نوٹس لیا جائے اور اس کے ذمہ داروں کے خلاف قانون کے مطابق کاروائی عمل میں لائی جائے۔

## وزیر قانون پنجاب رانا ثناء اللہ کا مئوقف سراسر ایم کیوایم کو پنجاب میں بدنام کرنے کے مترادف ہے، ارکان سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔11، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے وزیر قانون پنجاب رانا ثناء اللہ کے اس بیان پر کہ ''جرائم پیشہ لوگ متحدہ کی طرف راغب ہورہے ہیں'' تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ میں جرائم پیشہ افراد نہیں بلکہ ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کے افراد کی بھرپور نمائندگی موجود ہے جو ملک سے فرسودہ نظام کے خاتمے کی عملی جدوجہد کررہے ہیں۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ رانا ثناء اللہ نے متحدہ قومی موومنٹ کو پنجاب میں خوش آمدید کہنے کی بات کی جس کا ہم خیر مقدم کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر قانون رانا ثناء اللہ کا یہ کہنا کہ وفاقی لاجز لاہور میں ایم کیوایم کے کسی رکن اسمبلی یا رہنما کے ساتھ بدسلوکی نہیں ہوئی اور نہ ہی کسی کو ہراساں کیا گیا، پولیس نے جرائم پیشہ افراد کی موجودگی کی اطلاع پر تلاشی لی لیکن ان کا یہ مئوقف سراسر ایم کیوایم کو پنجاب میں بدنام کرنے کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی تاریخی اور پرامن جدوجہد سے سب آگاہ ہیں، جناح پور نقشہ کی گھناؤنی سازش کا الزام ایم کیوایم پر جھوٹ ثابت ہوگیا ہے اور پنجاب کے عوام ایم کیوایم کی طرف امید بھری نظروں سے دیکھ رہے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ پنجاب کے 36 ڈسٹرکٹ میں ایم کیوایم کے دفاتر قائم ہیں۔ انہوں نے سوال کیا کہ کیا پنجاب کے 36 ڈسٹرکٹ میں ایم کیوایم کے دفاتر میں بھی جرائم پیشہ افراد کام کررہے ہیں؟ اور اگر پنجاب حکومت ایم کیوایم کے فکر وفلسفہ اور نظریئے سے خوفزدہ نہیں ہے تو پنجاب پولیس نے غیر اخلاقی چھاپہ مار کارروائی کیوں کی؟ حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ ایم کیوایم محبّ وطن جماعت ہے اور اسے پنجاب میں مزید بدنام کرنے والے ماضی کی طرح اس مرتبہ بھی ناکامی سے دوچار ہوں گے اور ایم کیوایم ملک بھر سمیت پنجاب میں حق پرستی کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کو فروغ دیکر ملک وقوم کو ترقی وخوشحالی کے نئے سفر میں داخل کرے گی۔

## عوام وکارکنان مہدی حسن کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔11، اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے شہنشاہِ غزل مہدی حسن کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے حق پرست عوام، ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ مہدی حسن کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## متحدہ قومی موومنٹ آزاد کشمیر کے انتخابات میں کامیابی کے بعد گلگت بلتستان میں ہونے والے انتخابات میں بھرپور کامیابی حاصل کرے گی، رابطہ کمیٹی

## آنے والا وقت ثابت کردیگا کہ متحدہ قومی موومنٹ کو ملک سے جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے گلگت بلتستان کے عوام کا بھی بھرپور ساتھ حاصل ہے

## ملک سے فرسودہ نظام کے خاتمے کیلئے آئندہ انتخابات میں گلگت بلتستان کے عوام حق پرست امیدواروں کو زیادہ سے زیادہ ووٹ دیکر کامیاب کرائیں

کراچی۔۔۔11، اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گلگت بلتستان کے عوام سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ ملک سے فرسودہ نظام کے خاتمہ کیلئے انتخابات میں اپنے درمیان سے ہی غریب ومتوسط طبقے کے پڑھے لکھے باشعور حق پرست امیدواروں کو زیادہ سے زیادہ ووٹ دیکر کامیاب کرائیں۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ آزاد کشمیر کے انتخابات میں کامیابی کے بعد گلگت بلتستان میں ہونے والے انتخابات میں بھرپور کامیابی حاصل کرے گی اور گلگت بلتستان کے عوام نے ایم کیوایم کو جس طرح سے خوش آمدید کہا ہے وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کی فتح ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گلگت بلتستان کو حال ہی میں داخلی خودمختاری دی گئی ہے جس کا ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے خیر مقدم کیا اور اب گلگت بلتستان میں ہونے والے انتخابات کے سلسلے میں حق پرست امیدواروں کی کامیاب کارنر میٹنگیں ثابت کررہی ہیں کہ گلگت بلتستان کے عوام حق پرستی کے فکر وفلسفہ سے متاثر ہیں اوراپنے درمیان میں سے ہی غریب ومتوسط طبقے کے پڑھے لکھے باشعور حق پرست امیدواروں کو آئندہ ہونے والے انتخابات میں زیادہ سے زیادہ ووٹ دیکر کامیاب کرائیں گے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ آزاد کشمیر کے بعد گلگت بلتستان میں بھی متحدہ قومی موومنٹ کی مقبولیت میں اضافہ ہوا ہے اور آنے والا وقت ثابت کردیگا کہ متحدہ قومی موومنٹ کو ملک سے جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے گلگت بلتستان کے عوام کا بھی بھرپور ساتھ حاصل ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایک مرتبہ پھر گلگت بلتستان کے عوام سے اپیل کی کہ وہ انتخابات میں حق پرست امیدواروں کو زیادہ سے زیادہ ووٹ دیکر کامیاب کرائیں اور گلگت بلتستان سمیت ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی کیلئے ایم کیوایم کی پرامن اور جمہوری جدوجہد کا بھرپور ساتھ دیں۔

## پوری قوم کو پاک فوج کے بہادر جوانوں پر فخر ہے، رابطہ کمیٹی

## جی ایچ کیو راولپنڈی میں کامیاب آپریشن پر آرمی چیف اشفاق پرویز کیانی اور فوجی قیادت کو مبارکباد

کراچی۔۔۔11، اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے جی ایچ کیو راولپنڈی میں سرکاری اہلکاروں کو یرغمال بنانے والے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن کرنے پر چیف آف آرمی اسٹاف جنرل اشفاق پرویز کیانی اور پوری فوجی قیادت کو مبارکباد پیش کی ہے اور یرغمالیوں کو بازیاب کروانے پر زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پاک فوج کے جوانوں نے ماضی کی طرح ایک مرتبہ پھر اپنی پیشہ وارانہ کارکردگی کا لوہا منوالیا ہے اور ثابت کردیا ہے کہ مسلح افواج ہرقسم کی دہشت گردی سے نمٹنا جانتی ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ مسلح افواج کے جوانوں نے دہشت گردوں کو جس طرح سے شکست دی اور یرغمالیوں کو بازیاب کرایا اس بہادری، شجاعت اور بہترین پیشہ وارانہ کارکردگی کے مظاہرے سے پاکستانی قوم خوش ہے۔رابطہ کمیٹی نے آپریشن کے دوران شہید ہونے والے پاک فوج کے کمانڈوز اور دیگر اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کیا اور کہا کہ پوری قوم کو پاک فوج کے بہادر جوانوں پر فخر ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے عفریت نے ملک کو لپیٹ میں لے رکھا ہے ایسے میں اتحاد، یکجہتی کے مظاہرے کی اشد ضرورت ہے اور سیکورٹی فورسز کے ساتھ بھرپور تعاون کرکے ہی ملک بھر سے دہشت گردی اور انتہاء پسندی کا مکمل خاتمہ کیا جاسکتا ہے۔

## جی ایچ کیوراولپنڈی آپریشن کے دوران شہید فوجی افسران اور جوانوں کے درجات کی بلندی کیلئے ایم کیوایم پنجاب ہاؤس میں فاتحہ خوانی کی گئی

لاہور۔۔۔11،اکتوبر2009ء

جی ایچ کیوراولپنڈی آپریشن کے دوران شہید ہونے والے فوجی افسران اور جوانوں کو ایصال ثواب کیلئے متحدہ قومی موومنٹ پنجاب ہاؤس لاہور میں فاتحہ خوانی کا اجتماع منعقد کیا گیا۔اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین ڈاکٹر علی حسین چوہدری،سیف یار خان،ممبران پنجاب کنونشن آرگنائزنگ کمیٹی محترمہ طاہرہ آصف،محترمہ پروین اختر،عنصر علی بٹر،رانا فرحت علی ایڈوکیٹ،مقصود اعوان ایڈووکیٹ،پروفیسر غلام صابر،حسنات رفیق سمیت کارکنان وعوام نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر پاک فوج کے شہید افسران اور جوانوں کے بلند درجات،لواحقین کیلئے صبر جمیل اور زخمیوں کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی گئی۔

## میڈیکل نشستوں میں اضافہ مستقبل کے مسیحاؤں کیلئے متحدہ کا تحفہ ہے،اے پی ایم ایس او

## حق پرست قیادت قائد تحریک کے وژن ''علم سب کیلئے'' پر عمل پیرا ہو کر سندھ میں تعلیم کے فروغ کیلئے مثبت اقدامات کررہی ہے

## اے پی ایم ایس او سندھ میں تعلیم کے فروغ اور معیار تعلیم کو بہتر بنانے کیلئے اپنی سابقہ روایات کے مطابق عملی جدوجہد کرتی رہے گی،چیئرمین ومرکزی کابینہ

کراچی:۔۔۔۔۔11اکتوبر2009ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے چیئرمین واراکین مرکزی کابینہ نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور،حق پرست صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر صغیر احمد کی جانب سے میڈیکل کالجوں اور یونیورسٹی کی نشستوں میں دس فیصد اضافے کا خیر مقدم کیا ہے اوران اقدامات کو مستقبل کے مسیحاؤں کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کا تحفہ قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں چیئرمین ومرکزی کابینہ کے اراکین نے کہا کہ حق پرست قیادت قائد تحریک جناب الطاف حسین کے وژن ''علم سب کیلئے'' پر عمل پیرا ہو کر سندھ میں تعلیم کے فروغ کیلئے مثبت اقدامات کررہی ہے تاکہ سندھ کے غریب طلبہ وطالبات کو علم کے حصول میں سہولتیں فراہم کی جاسکیں۔انہوں نے کہا کہ حق پرست قیادت کی کوشش یہ ہے کہ سندھ کے شہری اور دیہی علاقوں کے طلبہ وطالبات کو تعلیم کے مواقع فراہم کیے جائیں یہی وجہ ہے کہ اندرون سندھ کے طلبہ کیلئے ڈاؤ میڈیکل یونیورسٹی میں خصوصی طور پر 45 نشستیں مختص کی گئی ہیں جبکہ کراچی ڈومسائل کے حامل طلبہ وطالبات کیلئے چانڈکا میڈیکل اور پیپلز میڈیکل کالج میں دس دس نشستیں مخصوص کی گئی ہیں جس سے شہری اور دیہی سندھ کی آبادی میں قربتیں بڑھانے میں بھی مدد ملے گی۔انہوں نے کہا کہ ہم میڈیکل کالجوں کی نشستوں میں اضافے پر صدر آصف علی زرداری،گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر صغیر احمد کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور سندھ کے طلبہ وطالبات کو اس بات کا یقین دلاتے ہیں کہ اے پی ایم ایس او سندھ میں تعلیم کے فروغ اور معیار تعلیم کو بہتر بنانے کیلئے اپنی سابقہ روایات کے مطابق عملی جدوجہد کرتی رہے گی۔

☆☆☆☆☆